# 39507 ـ جانور تول کرفروخت کرنا

**سوال**

کیا وہ جانور جس کا گوشت کھایا جاتا ہے وزن کرکے فروخت کرنا جائز ہے، کیونکہ ہمارے یہ طریقہ عام ہے؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جي ہاں زندہ جانور کا وزن کرکےفروخت کرنا جائزہے.

مستقل فتوي کمیٹي سے مندرجہ ذيل سوال کیا گیا:

کیا زندہ یا مذبوح بکري اور مرغي وزن کرکے فروخت کرنا جائز ہے ؟

کمیٹي کا جواب تھا:

مسلمانوں کےمابین معاملات میں تو اصل حلت ہي ہے لیکن وہ چيز جسے شریعت مطہرہ نے نصاحرام کردیا ہے، اس سےہمیں یہ علم ہوا کہ مرغي اور بکري تول کرفروخت کرني جائز ہے، ہمیں شریعت میں ایسے کسي مانع کا علم نہیں جواس سےمنع کرتا ہو. اھ

دیکھیں فتاوي اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء ( 13 / 290 ) .

اور ایک مستقل کمیٹي کےایک دوسرے فتوي میں ہےکہ:

بکري یا دوسرے جانور زندہ اور تول کرفروخت کرنے جائز ہیں، چاہے وزن کیلوگرام میں یا کسي اور میں اس لیے کہ مقصد فروخت کي جانےوالي چيز کا علم ہے جو کہ وزن سے حاصل ہوجاتا ہے. اھ

دیکھیں: فتاوي اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء ( 13 / 290 )

اور فتاوي میں یہ بھي ہےکہ:

وزن کےساتھ حیوان کي فروخت جائز ہے، اوراجماع کےمطابق اسے بغیر تولے صرف دیکھ کر ہي فروخت کرنا جائز ہے، اور اس کےپیٹ میں جوانتڑیاں وغیرہ ہیں اس کي فروخت کےجواز پر اثر انداز نہیں ہونگي کیونکہ وہ اس کے تابع

ہیں لہذا اس میں جوکچھ ہےوہ تول کرفروخت کرنا جائز ہوا. اھ

دیکھیں: فتاوي اللجنة الدائمة ( 13 / 289 ) .

واللہ اعلم .